मौलाना आज़ाद नेशनल उर्दू यूनिवर्सिटी
مولانا آزاد نیشنل اُردو یونیورسٹی
MAULANA AZAD NATIONAL URDU UNIVERSITY
(*A Central University,* Accredited "A+" Grade by NAAC)
Gachibowli, Hyderabad-500032 (India)

بین الاقوامی اردو سائنس کانفرنس-2024
(IUSC-2024)

VisionIndia@2047

4-5 مارچ، 2024
طریقہ مخلوط (آف لائن اور آن لائن)

بعنوان: سائنس پائیدار مستقبل کے لیے

زیر اہتمام

اسکول برائے سائنسی علوم

مولانا آزاد نیشنل اردو یونیورسٹی، حیدرآباد

مولانا آزاد نیشنل اردو یونیورسٹی، حیدرآباد: ایک تعارف

مولانا آزاد نیشنل اردو یونیورسٹی (مانو) ایک مرکزی یونیورسٹی ہے، جو پارلیمنٹ کے ایکٹ کے تحت 1998 میں قائم کی گئی۔ یونیورسٹی میں تعلیم، ثقافت وکھیل کود کے امتزاج پر مشتمل ایک منفرد ماحول فراہم کیا گیا ہے۔ یونیورسٹی کا مرکزی کیمپس جس میں کہ عمارت انتظامیہ اور دیگر شعبہ جات شامل ہیں، تلنگانہ کے صدر مقام حیدرآباد کے مشہور علاقے گچی باؤلی میں 200 ایکڑ سے زیادہ رقبے پر واقع ہے۔ یونیورسٹی کا نام ممتاز مجاہد آزادی اور عظیم تعلیمی اسکالر مولانا ابوالکلام آزاد کے نام سے موسوم کیا گیا ہے جو آزاد ہند کے پہلے وزیر تعلیم تھے اور ان کی کاوشوں سے ملک میں سائنسی، سماجی اور تکنیکی اعلیٰ تعلیم کے ادارہ جات وجود میں آئے۔

یونیورسٹی کا بنیادی مقصد ملک میں اردو ذریعہ تعلیم کو فروغ دینا اور مختلف پیشہ وارانہ کورسز فراہم کرنا ہے، جس سے ملک وقوم کے ان طبقات میں علم کا فروغ ہو جو کہ اردو سے تعلق رکھتے ہیں۔ اس مقصد کی تکمیل کے لیے یونیورسٹی میں روایتی ذریعہ تعلیم کے ساتھ ساتھ فاصلاتی تعلیمی نظام بھی مروج ہے۔ یونیورسٹی کے 2 سیٹلائٹ کیمپس، 8 شعبۂ تعلیم وتربیت کے کالجز، 5 پولی ٹیکنک، 3 آئی ٹی آئی اور 3 ماڈل اسکول، ملک کے مختلف مقامات پر کارکردہیں۔ اس کے علاوہ یونیورسٹی میں او ڈی ایل سسٹم کے کئی کورسز کو نظامت فاصلاتی تعلیم (ڈائریکٹریٹ آف ڈسٹنس ایجوکیشن) کے تحت چلایا جاتا ہے۔ ملک میں 9 علاقائی، 5 ذیلی علاقائی مراکز مختلف ریاستوں میں کام کر رہے ہیں۔

اسکول برائے سائنسی علوم: ایک تعارف

اسکول برائے سائنسی علوم کو اردو میں سائنس کے مختلف مضامین میں اعلیٰ تعلیم کو وسیع پیمانے پر فراہمی کے لیے جانا جاتا ہے، جو پورے ملک میں ایک منفرد مقام رکھتا ہے۔ 2006 میں سائنسی علوم کو بذریعہ اردو زبان فروغ دینے کے مقصد سے اس کا قیام عمل میں آیا۔ جہاں پر سائنسی علوم کے مختلف شعبہ جات (ریاضیات، طبیعیات، کیمیا، نباتیات اور حیوانیات) میں اعلیٰ تعلیمی پروگرام جیسے پی ایچ ڈی، ایم ایس سی اور بی ایس سی فراہم کیے جاتے ہیں۔ 2019 میں اسکول برائے سائنسی علوم میں علم صحت کے تحت ووکیشنل پروگرام کے گریجویٹ اور پوسٹ گریجویٹ، بی ووک اور ایم ووک کورسز کا آغاز عمل میں آیا۔ اسکول میں ماہرین تعلیم، اساتذہ جو مشہور اور معروف اداروں سے فارغ ہیں تعلیم اور ریسرچ کے شعبوں میں اپنی خدمات انجام دے رہے ہیں۔ اسکول میں کورسز کا نصاب تعلیم، طلبہ کے روزگار اور ملک کے مفادات کو ملحوظ رکھتے ہوئے مرتب کیا گیا ہے۔

بین الاقوامی اردو سائنس کانفرنس (IUSC-2024)

یونیورسٹی میں منعقد ہونے والی کانفرنس کا مقصد حکومت ہند کے VisionIndia@2047 کے مقاصد کو مدنظر رکھتے ہوئے سائنس میں وقوع پذیر ہونے والی جدید پیش رفت کو اجاگر کرنا ہے۔ اس بات کی قوی امید ہے کہ اس کانفرنس میں بین الاقوامی اور قومی ماہرین جو سائنس کے مختلف شعبہ جات میں منفرد اور اعلیٰ مقام رکھتے ہیں شامل ہوں گے اور اپنے تاثرات کا اظہار کریں گے۔ یہ کانفرنس 4-5 مارچ، 2024 کو منعقد ہوگی۔ کانفرنس کے انعقاد کا ایک اور مقصد ملک کے نوجوان ریسرچ اسکالرز کو اپنے مقالہ پیش کرنے کا موقع فراہم کرنا ہے۔ ریسرچ اسکالرز سے اپنے مقالے پیش کرنے کی خواہش کی جاتی ہے۔

بین الاقوامی اردو سائنس کانفرنس (IUSC-2024) کا مرکزی موضوع:

سائنس پائیدار مستقبل کے لیے

بین الاقوامی اردو سائنس کانفرنس (IUSC-2024) کے تحت حسب عنوانات پر مقالہ جات قبول کیے جائیں گے:

- علوم ریاضی
- علوم کیمیا
- علوم نباتیات
- علوم طبیعیات
- علوم حیوانیات
- زرعی اور ماحولیاتی علوم
- علوم صحت
- سائنسی تعلیم اور تدریس
- انجینئرنگ اور ٹیکنالوجی
- سائنس میں خواتین کا حصہ

نوٹ: مقالہ کی تلخیص اردو یا انگلش میں بھیجی جاسکتی ہے۔

اہم تاریخیں

خلاصہ جمع کرانے کی آخری تاریخ	:	2024-2-22
قبولیت کے بارے میں شرکاء کو اطلاع	:	2024-2-25

رجسٹریشن فیس

ریسرچ اسکالرز/طلباء کے لئے	:	500 روپے
فیکلٹی ممبران کے لیے	:	1000 روپے
صنعتوں/لیب وغیرہ کے لوگوں کے لیے	:	1500 روپے
غیرملکی شہریوں کے لیے	:	$50 (پچاس امریکی ڈالر)

نوٹ: بیرونی مندوبین کو محدود مشترکہ رہائش مہیا کی جائے گی۔

شرکاء کے لیے رجسٹریشن لنک:

https://forms.gle/VTYbBHHUPoHVbo5P7

کانفرنس ای میل: iscmanuu.2024@gmail.com

کانفرنس ویب لنک: https://manuu.edu.in/home

منتظمین

سر پرست اعلیٰ	:	پروفیسر سید عین الحسن (شیخ الجامعہ، مانو، حیدرآباد)
سر پرست	:	پروفیسر ایس کے اشتیاق احمد (رجسٹرار، مانو)
	:	پروفیسر سلمان احمد خان (ڈین، اسکول برائے سائنسی علوم)
کنوینر	:	ڈاکٹر سید صلاح الدین
شریک کنوینر	:	ڈاکٹر ماجد علی چودھری
ممبران	:	تمام اساتذہ اسکول برائے سائنسی علوم۔

رجسٹریشن فیس اور ادائیگی کی تفصیلات:

اکاؤنٹ نمبر	:	187901000000001
اکاؤنٹ ہولڈر کا نام	:	فنانس آفیسر
بینک کا نام	:	انڈین اوورسیز بینک
برانچ کا نام	:	یونیورسٹی کیمپس، گچی باؤلی، حیدرآباد
IFSC کوڈ	:	IOBA0001879

مزید تفصیلات کے لیے رابطہ کیجیے:

کنوینر : ڈاکٹر سید صلاح الدین (9502299914)

شریک کنوینر : ڈاکٹر ماجد علی چودھری (9818154529)